SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

September 3, 2021

# ایس ای سی پی کا سرمایہ کاروں کی ڈیجیٹل آن بورڈنگ کے بارے میں ویبنار کا انعقاد

اسلام آباد(ستمبر 3): سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے نیشنل انکیوبیشن سینٹر کے تعاون سے نوجوان سرمایہ کاروں اور سٹارٹ اپس کو کیپٹل مارکیٹ سے سرمایہ کے حصول کے لئے سٹاک ایکسچینج میں متعارف کروائے گئے "سرمایہ کاروں کی ڈیجیٹل آن بورڈنگ" کے بارے میں معلومات اور آگہی فراہم کرنے کے لئے ویبنار منعقد کیا۔

ویبنار نے ایس ای سی پی کی نئی ریگولیٹری رجیم پر روشنی ڈالی جس نے کیپٹل مارکیٹ میں آن لائن ٹریڈنگ اکاؤنٹ کو کھولنے کے لیے موجودہ طریقوں اور کے وائی سی کے تقاضوں/شرائط کو تبدیل کر دیا۔

اس میں بتایا گیا ہے کہ ایسے مقامی سرمایہ کار جن کے بینک اکاؤنٹس ہیں وہ سرمایہ کاروں کی شمولیت کو آسان اور سہل بنانے اور مارکیٹ میں لیکویڈیٹی لانے کے پیش نظر اپنے صارف کی ضروری جانچ پڑتال کی معلومات کو سنٹرلائزڈ کے وائی سی آرگنائزیشن(سی کے او) کے ساتھ شئیرنگ کے ذریعے بروکرز کے ساتھ ٹریڈنگ اکاؤنٹس کھول سکتے ہیں۔

یہ سہولت اکاؤنٹ کم رسک والے صارفین کے لیے بھی دستیاب ہے، جہاں انہیں صارف کی ضروری جانچ پڑتال پوری کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔مزید یہ کہ،نان ریذڈنٹ پاکستانی اپنے آن لائن اکاؤنٹ پر صارف کی ضروری جانچ پڑتال کی معلومات کے ساتھ بینکوں میں اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں جہاں ان کے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس پہلے سے ہیں۔

شرکاء کو یہ بھی بتایا گیا کہ آن لائن اکاؤنٹ کھولنے کے لیے نان ریذڈنٹ پاکستانیوں کی سہولت کے لیے متعدد اقدامات کیے گئے ہیں جس میں سرمایہ کار(صارف) کی تصدیق کا عمل بھی آن لائن مکمل کرنے،دستاویزات کی تصدیق یا تو پاکستان کے کونسلر جنرل یا متعلقہ ملک کے نوٹری پبلک سے کروائی جائے گی۔

ویبنار کے اختتام پر،ایس ای سی پی نے شرکاء کے سوالات کے تفصیلی جوابات دئے۔شرکاءنے سٹیک ہولڈرز کی رہنمائی کے لئے ایسے آگہی ویبنار تسلسل کے ساتھ منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005